روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 20 اکتوبر 2004ء 5رمضان المبارک 1425ہجری 20 اخاء 1383ہش جلد 54-89 نمبر 238

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یادرکھو کہ یہ دو چیزیں اس امت کو عطا فرمائی گئی ہیں۔ایک قوت حاصل کرنے کے واسطے، دوسری حاصل کردہ قوت کو عملی طور پر دکھانے کے لئے۔قوت حاصل کرنے کے واسطے استغفار ہے جس کو دوسرے لفظوں میں استمداد اور استعانت بھی کہتے ہیں۔صوفیوں نے لکھا ہے کہ جیسے ورزش کرنے سے مثلاً مگدروں اور موگریوں کو اٹھانے اور پھیرنے سے جسمانی قوت اور طاقت بڑھتی ہے۔اسی طرح پر روحانی مگدر استغفار ہے۔اس کے ساتھ روح کو ایک قوت ملتی ہے اور دل میں استقامت پیدا ہوتی ہے۔جسے قوت لینی مطلوب ہو وہ استغفار کرے۔غفر ڈھانکنے اور دبانے کو کہتے ہیں۔استغفار سے انسان ان جذبات اور خیالات کو ڈھانپنے اور دبانے کی کوشش کرتا ہے۔جو خدا تعالیٰ سے روکتے ہیں۔پس استغفار کے یہی معنے ہیں کہ زہریلے مواد جو حملہ کر کے انسان کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں۔ان پر غالب آوے اور خدا تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری کی راہ کی روکوں سے بچ کر انہیں عملی رنگ میں دکھائے۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان میں دو قسم کے مادے رکھے ہیں۔ایک سمی مادہ ہے۔جس کا موکل شیطان ہے اور دوسرا تریاقی مادہ ہے۔جب انسان تکبر کرتا ہے اور اپنے تئیں کچھ سمجھتا ہے اور تریاقی چشمہ سے مدد نہیں لیتا۔تو سمی قوت غالب آجاتی ہے،لیکن جب اپنے تئیں ذلیل وحقیر سمجھتا ہے اور اپنے اندر اللہ تعالیٰ کی مدد کی ضرورت محسوس کرتا ہے۔اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک چشمہ پیدا ہو جاتا ہے۔جس سے اس کی روح گداز ہو کر بہہ نکلتی ہے اور یہی استغفار کے معنی ہیں۔یعنی یہ کہ اس قوت کو پا کر زہریلے مواد پر غالب آجاوے۔

غرض اس کے معنی یہ ہیں کہ عبادت پر یوں قائم رہو۔اول۔رسول کی اطاعت کرو۔دوسرے ہر وقت خدا سے مدد چاہو۔ہاں پہلے اپنے رب سے مدد چاہو۔جب قوت مل گئی تو توبوا الیہ یعنی خدا کی طرف رجوع کرو۔

استغفار اور توبہ دو چیزیں ہیں۔ایک وجہ سے استغفار کو توبہ پر تقدم ہے،کیونکہ استغفار مدد اور قوت ہے جو خدا سے حاصل کی جاتی ہے اور توبہ اپنے قدموں پر کھڑا ہونا ہے۔عادۃ اللہ یہی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ سے مدد چاہے گا،تو خدا تعالیٰ ایک قوت دے دے گا اور پھر اس قوت کے بعد انسان اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جاوے گا اور نیکیوں کے کرنے کے لئے اس میں ایک قوت پیدا ہو جاوے گی۔جس کا نام توبوا الیہ ہے۔اس لئے طبعی طور پر بھی یہی ترتیب ہے۔غرض اس میں ایک طریق ہے جو سالکوں کے لئے رکھا ہے کہ سالک ہر حالت میں خدا سے استمداد چاہے۔سالک جب تک اللہ تعالیٰ سے قوت نہ پائے گا، کیا کر سکے گا۔توبہ کی توفیق استغفار کے بعد ملتی ہے۔اگر استغفار نہ ہو،تو یقیناً یاد رکھو کہ توبہ کی قوت مر جاتی ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 348)

ایک سو مرتبہ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

جس نے ایک دن میں سبحان اللہ وبحمدہ ایک سو مرتبہ کہا اس کی سب خطائیں معاف کردی جاتی ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ کی طرح ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب فضل التسبیح حدیث نمبر:5926)

خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے درمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ وامان میں رکھے ہر شر سے بچائے۔

ثواب دارین حاصل کرنے کا موقع

فضل عمر ہسپتال جماعت کا ادارہ ہے جو ہر سال ہزاروں دکھی اور نادار مریضوں کا مفت علاج معالجہ کرتا ہے اور مخیّر حضرات کیلئے خدمت خلق کا موقع فراہم کر رہا ہے۔ملک میں مہنگائی، ادویات کی قیمتوں میں زبردست اضافہ اور مریضوں کی تعداد میں اضافہ کے پیش نظر اس سہولت کے میسر کرنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

مخیّر حضرات سے دردمندانہ درخواست ہے کہ وہ اس سہولت کے فراہم کرنے میں ادارہ کی معاونت فرمائیں اور اپنی رقوم مد ''امداد نادار مریضاں'' میں بھجوا کر ثواب دارین حاصل کریں۔خدا تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

اعزاز

☆مکرمہ امۃ الباسط صاحبہ دارالصدر شرقی ب ربوہ لکھتی ہیں کہ خاکسارہ کے بیٹے مکرم لقمان احمد طاہر صاحب اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سے ایم اے شعبہ ابلاغیات کے امتحان 1999ء میں 909 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن اور گولڈ میڈل کے حقدار قرار پائے تھے اور انہوں نے اس شعبہ میں نیا ریکارڈ بھی قائم کیا تھا۔ چنانچہ حکومت پاکستان نے ان کو 23 ستمبر 2004ء کو اسلام آباد کی ایک تقریب میں گولڈ میڈل سے نوازا۔ یہ اعزاز ان کو جناب میاں محمد سومرو چیئرمین سینٹ (قائمقام صدر پاکستان) نے دیا۔مکرم لقمان احمد صاحب، مکرم راجہ غلام حسین صاحب مرحوم کے بیٹے اور مکرم میاں ناصر علی صاحب تمیم آف جھنگ کے نواسے ہیں اور آجکل مزید تعلیم کے سلسلہ میں انگلینڈ میں مقیم ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کے لئے یہ کامیابی باعث برکت اور آئندہ کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے اور دین ودنیا کی خدمت کی توفیق بخشے۔آمین

تنویر قلب کا مہینہ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں

صوفیاء نے لکھا ہے کہ یہ ماہ تنویر قلب کے لئے عمدہ مہینہ ہے کثرت سے اس میں مکاشفات ہوتے ہیں صلوٰۃ تزکیہ نفس کرتی ہے اور صوم (روزہ) تجلی قلب کرتا ہے۔ تزکیہ نفس سے مراد یہ ہے کہ نفس امارہ کی شہوات سے بُعد حاصل ہو جائے اور تجلی قلب سے مراد یہ ہے کہ کشف کا دروازہ اس پر کھلے کہ خدا کو دیکھ لے۔ پس انزل فیه القرآن (البقرہ: 186) میں یہی اشارہ ہے اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ روزہ کا اجر عظیم ہے لیکن امراض اور اغراض اس نعمت سے انسان کو محروم رکھتے ہیں مجھے یاد ہے کہ جوانی کے ایام میں میں نے (۔) چھ ماہ تک روزے رکھے۔ اس اثنا میں میں نے دیکھا کہ انوار کے ستونوں کے ستون آسمان پر جا رہے ہیں یہ امر مشتبہ ہے کہ انوار کے ستون زمین سے آسمان پر جاتے تھے یا میرے قلب سے۔ لیکن یہ سب کچھ جوانی میں ہو سکتا تھا اور اگر اس وقت میں چاہتا تو چار سال تک روزہ رکھ سکتا تھا۔

خدمت خلق کا عظیم موقعہ

بیوت الحمد منصوبہ

جماعت احمدیہ کے قیام کا ایک عظیم مقصد خدمت خلق کا فریضہ سرانجام دینا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی جاری فرمودہ پہلی مالی تحریک ''بیوت الحمد منصوبہ'' اس فریضہ کی تکمیل کے لئے ایک سنہری موقعہ ہے۔ اس سکیم کے تحت خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے غریب، نادار اور بے گھر افراد کو گھروں کی سہولت مہیا کی جاتی ہے۔ چنانچہ اس سکیم کے تحت 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں اور مستحق خاندان ایک خوبصورت اور ہر سہولت سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں آباد ہو کر اس بابرکت تحریک کے ثمرات سے مستفید ہو رہے ہیں۔

اس کے علاوہ ربوہ اور پاکستان بھر میں ساڑھے پانچ صد سے زائد مستحق گھرانوں کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت توسیع مکان کے لئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔

احباب کرام کی خدمت میں گزارش ہے کہ خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار ہو کر ثواب کی خاطر اس بابرکت تحریک میں ضرور شمولیت فرمائیں۔

امید ہے آپ اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں گے یہ رقوم جماعت میں بھی جمع کرائی جا سکتی ہیں اور خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں مدّ بیوت الحمد میں بھجوائی جا سکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں خدمت خلق کے عظیم فریضہ کو سرانجام دینے کی توفیق سے نوازتا رہے۔

(سیکرٹری بیوت الحمد)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح وتقریب رخصتانہ

☆ مکرم محمد محمود اقبال صاحب ربوہ لکھتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی مکرمہ شافیہ اقبال صاحبہ کے نکاح کا اعلان محترم مولانا جمیل الرحمٰن رفیق صاحب نے ہمراہ مکرم سجاد احمد قریشی صاحب ابن مکرم اعجاز ریاض قریشی صاحب آف نیو مسلم ٹاؤن لاہور بعوض 2 لاکھ روپے حق مہر پر مورخہ 3/اکتوبر 2004ء کو احاطہ دفاتر تحریک جدید ربوہ میں کیا۔ اس کے ساتھ ہی تقریب رخصتانہ منعقد ہوئی۔ اس موقع پر محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے دعا کرائی۔ ازاں بعد احباب جماعت کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔ احباب سے درخواست ہے کہ اس رشتہ کے ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کے لئے دعا کریں۔

درخواست دعا

مکرم بشیر ادین کمال صاحب ربوہ لکھتے ہیں خاکسار کے برادر نسبتی مکرم مظفر احمد صاحب لندن میں شدید بیمار ہیں جو کہ مرزا محمد شفیع صاحب مرحوم کے داماد ہیں۔ دعا کی درخواست ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے شفاء عطا فرمائے نیز دعا کریں کہ خاکسار کو بھی اللہ تعالیٰ صحت وسلامتی والی زندگی عطا فرمائے۔

☆ مکرم رانا سجاد احمد خان صاحب کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی بیٹی عمر 2 سال شدید بیمار ہے اور شیخ زید ہسپتال میں داخل ہے۔ احباب جماعت سے شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

☆ مکرم حافظ منصور احمد مبشر صاحب دارالحمد وحدت روڈ لاہور کا کزن واپڈا ہسپتال لاہور میں شدید بیمار ہے۔ احباب جماعت سے جلد شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم شفیق احمد گھمن صاحب کو بطور نمائندہ مینیجر الفضل ضلع جہلم، خوشاب اور چکوال، دورہ پر الفضل کے لئے نئے خریدار بنانے چندہ الفضل، بقایا جات کی وصولی اور اشتہارات کے لئے بھجوا رہا ہے۔ تمام احباب جماعت سے تعاون کی بھرپور درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

تقریب رخصتانہ

☆ مکرم محمد ارشد صاحب کاتب ابن مکرم منشی محمد اسماعیل صاحب مرحوم کارکن نظارت اشاعت ربوہ لکھتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی مکرمہ فہمیدہ رفعت صاحبہ کی تقریب رخصتانہ مورخہ 9/اکتوبر 2004ء بعد نماز عصر گراؤنڈ صدر انجمن احمدیہ میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے دعا کروائی۔ عزیزہ کا نکاح قبل ازیں مورخہ 13 فروری 2004ء کو ہمراہ مکرم حامد رشید احمد چوہدری صاحب ایڈووکیٹ ابن مکرم چوہدری محمد شریف صاحب آف فیصل آباد مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے بیت المبارک ربوہ میں پڑھا تھا۔ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ فریقین کے لئے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے اور دینی و دنیاوی نعمتوں سے نوازے۔ آمین

نکاح

☆ مکرمہ رعنا سحر صاحبہ بنت مکرم صبغت اللہ ہمایوں صاحب گوجرانوالہ کا نکاح ہمراہ مکرم احمد ناصر صاحب ابن عبدالغنی صاحب ہیتھرو سٹریٹ لندن مورخہ 4/اگست 2004ء کو بیت المبارک میں بعد از نماز عصر محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد نے بحق مہر 18 ہزار پاؤنڈ پڑھا۔ رعنا سحر صاحبہ الحاج محمد شفیع ہاشمی صاحب مرحوم آف کراچی کی نواسی ہیں۔ احباب کرام سے اس رشتہ کے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

درخواست دعا

مکرم مرزا محمد الدین ناز صاحب استاد جامعہ احمدیہ ربوہ لکھتے ہیں۔ ہمارے ایک معزز بزرگ صوبیدار نذر حسین صاحب عرصہ دراز سے بعارضہ فالج بیمار چلے آ رہے ہیں اور علاج کیلئے لاہور میں رہائش پذیر ہیں اسی طرح ان کی اہلیہ محترمہ کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی ان کا آپریشن بھی لاہور میں ہوا ہے۔ چلنے پھرنے سے معذور ہیں اور بیماری کی شدت کے پیش نظر ابھی ربوہ آنا مشکل ہے احباب کرام کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صوبیدار صاحب اور ان کی اہلیہ محترمہ کو شفائے کاملہ عطا فرمائے اور اپنے بچوں پر ان کا سایہ تا دیر قائم رکھے۔ (آمین)

رمضان المبارک

رحمتوں کا سرچشمہ اور عبادتوں کا معراج

ملک سعید احمد رشید صاحب

رمضان المبارک کا مہینہ آتے ہی مومنوں کی فصل بہار شروع ہو جاتی ہے۔ سب چھوٹے بڑے، مرد وزن، بوڑھے، جوان اس کے آنے سے پہلے ہی اس کے استقبال کی تیاریاں شروع کر دیتے ہیں۔ اور رمضان آتے ہی ان کے چہرے شگفتہ پھولوں کی طرح کھل اٹھتے ہیں۔ کہ ایک سال کے انتظار کے بعد خدا نے پھر ان کو اپنے فضلوں اور رحمتوں سے ہمکنار کرنے کا ایک عظیم موقعہ فراہم کیا ہے۔ اپنی رضا کی جنتوں کے در کھول دیئے ہیں کہ صبح اور شام، دن اور رات، اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، سوتے جاگتے ہر لحہ و ہر آن اس کی رحمتوں اور فضلوں کی بارشوں سے اپنے اپنے دامن اپنی اپنی ہمت و استعداد کے مطابق بھر لو کہ یہ پورا ماہ عبادتوں کی معراج اور بے شمار خدا کی رحمتوں اور فضلوں کو سمیٹنے کا مہینہ ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے بہت سی عبادتوں کو اس میں اکٹھا کر دیا ہے کہ جو اپنے اندر بہت سی برکات رکھتی ہیں اور خدا تعالیٰ کی رحمتوں اور فضلوں کا وارث بناتی ہیں۔ مثلاً روزہ، نوافل، تہجد، تلاوت قرآن کریم۔ درس قرآن و حدیث، صدقہ و خیرات، کثرت سے دعاؤں کا موقعہ ملنا، فطرانہ، نماز تراویح اور ذکر الٰہی اور اعتکاف وغیرہ جیسی عبادتیں جو اپنے اندر بے شمار خوبیاں اور برکتیں لئے ہوئے ہیں۔ جب رمضان میں اکٹھی ہو جاتی ہیں تو یہ ماہ گویا عبادتوں کی معراج بن جاتا ہے۔ ان عبادات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

روزہ کی برکات

سب سے پہلی برکت جو اللہ تعالیٰ نے روزے میں رکھی ہے وہ تقویٰ ہے کہ روزہ صرف تمہیں متقی بنانے کے لئے فرض کیا گیا ہے اگر انسان پوری شرائط کے ساتھ یہ روزے رکھ لے تو وہ ضرور متقیوں کے گروہ میں شامل ہو جائے گا۔ دوسری برکت قبولیت دعا بیان کی گئی ہے۔ اور اس کی نوید خدا تعالیٰ نے سنائی ہے کہ روزہ دار کی دعا ضرور شرف قبولیت حاصل کرتی ہے۔

آنحضور ﷺ کے ارشاد کے مطابق جو دعائیں انسان کی ضرور قبول ہوتی ہیں۔ اور رد نہیں ہوتیں ان میں روزہ دار کی دعا بھی شامل ہے (ابن ماجہ)۔ تو گویا یہ قبولیت دعا کا مہینہ ہے اور ایک ماہ لگاتار انسان خدا سے دعائیں کر کے اپنے اگلے پچھلے گناہ بخشوا سکتا اور اپنی پریشانیوں اور دکھوں کا مداوا کر سکتا ہے۔ اپنی اولاد، اپنے عزیز و اقارب اپنے دوستوں اور اپنی جماعت اور اپنے ہم مذہب بھائیوں اور تمام بنی نوع انسان کی ہدایت، بہتری اور خیر خواہی کے لئے خوب خوب دعائیں کر سکتا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے۔ دعاؤں کا مہینہ ہے۔" (الحکم 24 جنوری 1991ء)

یسعیاہ نبی فرماتے ہیں:۔

"تم پوری شرائط کے ساتھ روزہ نہیں رکھتے کہ تمہاری آواز عالم بالا پر سنی جائے۔"

(یسعیاہ باب 58 نمبر 4)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

"دعا کی قبولیت کا ایک اور وقت بھی ہے ...... اور وہ وقت رمضان کا مہینہ ہے ...... اسی طرح رمضان کے مہینہ میں وہ اسباب پیدا ہو جاتے ہیں جو دعا کی قبولیت کا باعث بن جاتے ہیں ...... پس رمضان کا مہینہ دعاؤں کی قبولیت کے ساتھ نہایت گہرا تعلق رکھتا ہے۔ یہی وہ مہینہ ہے جس میں دعا کرنے والے کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قریب کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں اگر وہ قریب ہونے پر بھی نہ مل سکے تو اور کب مل سکے گا۔"

(تفسیر کبیر جلد دوم ص 409)

دعا کے بارہ میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"اللہ تعالیٰ دعا کرنے والوں کو ضائع نہیں کرتا۔"

(ملفوظات جلد نہم ص 129)

"جو شخص دعا کو نہیں چھوڑتا اس کے دین اور دنیا پر آفت نہ آئے گی۔" (ملفوظات جلد ہفتم ص 192)

"کوئی کیسا ہی معصیت میں غرق ہو دعا اس کو بچا لے گی ...... یہ اسم اعظم ہے اس کے سامنے کوئی انہونی چیز نہیں۔" (ملفوظات جلد پنجم ص 121)

"تم دعا میں مصروف رہو اور اس بات سے مت گھبراؤ کہ جذبات نفسانی کے جوش سے گناہ صادر ہو جاتا ہے وہ خدا سب کا حاکم ہے وہ چاہے تو فرشتوں کو بھی حکم کر سکتا ہے کہ تمہارے گناہ نہ لکھے جاویں۔"

(ملفوظات جلد نہم حاشیہ ص 130)

"دعا کے ذریعہ سے ہزاروں بدمعاش صلاحیت پر آجاتے ہیں۔ ہزاروں بگڑے ہوئے درست ہو جاتے ہیں۔" (روحانی خزائن جلد 14 ص 230)

تیسری برکت رمضان اور روزے کی اللہ تعالیٰ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ اس ماہ میں انسانیت کو ایک عظیم الشان تحفہ قرآن کریم کی شکل میں عطا کیا گیا۔ جو اپنی ذات میں بے شمار خوبیوں کا حامل اور بے شمار برکات و تاثیرات اپنے اندر رکھتا ہے۔

قرآن کریم نے ھدی للناس کہہ کر تمام نوع انسانی پر اس کی رحمت و برکت کا انکشاف فرمایا ہے کہ امیر و غریب، بادشاہ و فقیر، عالم، جاہل، مشرقی و مغربی، چینی و جاپانی غرض تمام طبقات انسانی کی ہدایت و بھلائی اور خدا کی طرف لے جانے کے لئے یہ عظیم تحفہ کافی ہے۔ اب نوع انسان کو کسی دوسری کتاب کی ہرگز ضرورت نہیں۔

حضرت مسیح موعود قرآن کریم کی خوبیاں، فضائل اور برکتیں یوں بیان فرماتے ہیں:۔

"سب سے سیدھی راہ اور بڑا ذریعہ جو ...... ہماری روحانی بھلائی ترقی علمی کے لئے رہنما ہے قرآن کریم ہے ...... جس میں بہت سا آب حیات ہماری زندگی کے لئے بھرا ہوا ہے ...... یہی ایک روشن چراغ ہے جو عین سچائی کی راہیں دکھاتا ہے۔"

(ازالہ اوہام)

پھر فرمایا:۔

"خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ الخیر کلہ فی القرآن تمام قسم کی بھلائیاں قرآن ہی میں ہیں یہی بات سچ ہے ...... تمہاری تمام فلاح اور نجات کا سرچشمہ قرآن ہے۔" "جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے۔" (کشتی نوح)

"قرآن ایک ہفتہ میں انسان کو پاک کر سکتا ہے اگر صوری اور معنوی اعراض نہ ہو۔" (کشتی نوح)

"قرآن شریف میں وہ نکات اور حقائق ہیں جو روح کی پیاس کو بجھا دیتے ہیں۔"

(ملفوظات جلد اول ص 273 جدید ایڈیشن)

وہ دل میں ہر وقت نور بھرتا ہے
سینہ کو خوب صاف کرتا ہے
دردمندوں کی ہے دوا وہی ایک
ہے خدا سے خدا نما وہی ایک

پھر فرمایا:۔

"خدا کی قسم قرآن ایک بے مثل موتی ہے اس کا ظاہر بھی نور ہے اور اس کا باطن بھی نور ہے۔ اس کے اوپر بھی نور ہے اور اس کے نیچے بھی نور ہے اور اس کے ہر لفظ میں نور ہے۔ یہ روحانی جنت ہے ...... یہ آب حیات کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے جس نے اس سے پانی پیا وہ ہمیشہ کی زندگی پا گیا بلکہ دوسروں کو بھی زندہ کرنے والا بن گیا۔"

(الفضل 20 اگست 2002ء ص 1)

"تمام معارف کا چشمہ خدا تعالیٰ نے قرآن کو دیا اس کی ہدایتیں نور علیٰ نور ہیں اور دن بدن وہ نور زیادتی میں ہے۔" (ترجمہ از عربی نور الحق حصہ اول)

حضرت خلیفہ اول فرماتے ہیں:۔

"اس کتاب کا ایک رکوع انسان کو بادشاہ سے بڑھ کر خوش قسمت بنا دیتا ہے۔"

(حقائق الفرقان جلد سوم ص 76)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

"اگر ہم اس دنیا میں عزت اور شرف حاصل کرنا چاہتے ہیں ...... تو ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم قرآن کو سیکھیں، جانیں اور اس کی اتباع کریں اور اس کو ہر وقت اپنے سامنے رکھیں۔" (قرآنی انوار ص 17)

رسول اللہ ﷺ کی بیان فرمودہ برکات

آنحضور ﷺ نے جو برکات روزہ کی بیان فرمائی ہیں ان میں سے چند ایک کا ذکر کرتا ہوں۔

فرمایا:۔

"جس نے ایمان و احتساب کی غرض سے رمضان کے روزے رکھے اس کے تمام پچھلے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔" (ابن ماجہ)

"جو شخص جھوٹ کو نہیں چھوڑتا خدا تعالیٰ کو اس کے بھوکے اور پیاسے رہنے کی ضرورت نہیں۔"

(بخاری کتاب الصوم)

گویا روزے کی برکت جھوٹ جیسی لعنت سے نجات دلانا اور انسان کو پاک کرنا ہے۔

روزہ دار کے لئے خدا نے دو خوشیاں مقرر کی ہیں۔ ایک افطاری کے وقت اور دوسری قیامت کے روز جب روزہ کی برکت سے خدا کا اسے دیدار نصیب ہوگا۔" (بخاری کتاب الصوم)

روزہ رکھوانے یا افطار کرنے والے کو بھی روزہ دار کے برابر ثواب ملے گا۔" (ایضاً)

رمضان کے بعد جو شوال کے چھ روزے رکھے اسے سال بھر کے روزوں کا ثواب ملے گا۔"

(مسلم کتاب الصیام)

روزہ دار کے لئے جنت میں ایک الگ دروازہ باب الریان مقرر ہے۔" (بخاری)

ایک رمضان دوسرے رمضان تک کے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے۔" (الجامع الصغیر)

فرمایا رمضان کے تین عشرے ہیں اور تینوں کی الگ الگ برکات ہیں۔ اول حصہ رحمت، درمیان مغفرت اور آخری حصہ آگ سے نجات پانے کا زمانہ ہے۔

فرمایا:۔

"الصوم جنۃ" روزہ ڈھال ہے۔ اس کی مختلف تشریحات ملتی ہیں۔ (بخاری کتاب الصوم)

مثلاً انسان کی جسمانی اور روحانی بیماریوں کے لئے ڈھال ہے۔

روزہ آگ سے بچانے کے لئے ڈھال ہے۔

(ابن ماجہ)

روزہ آگ اور زمانہ کی تکالیف اور ہلاکتوں سے بچانے کے لئے ڈھال ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ روزہ خدا کے عذاب سے بچانے کے لئے ڈھال ہے۔" (جامع الصغیر)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''روزے کئی قسم کی امراض سے نجات دلانے کا موجب بن جاتے ہیں۔آجکل کی تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ......انسان کے جسم میں زائد مواد جمع ہوجاتے ہیں اوران سے بیماری یا موت پیدا ہوتی ہے۔اور روزہ اس کے لئے بہت مفید ہے۔

(تفسیر سورۃ بقرہ ص375)

ایک عظیم الشان برکت آنحضورﷺ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ ابن آدم کا ہر عمل اس کی اپنی ذات کے لئے ہے اور روزہ صرف میرے لئے ہے اور میں خود اس کی جزا بنوں گا۔

(بخاری کتاب الصوم جلد 1 ص255)

یعنی روزہ کے بدلے خدا مل جاتا ہے۔

صدقہ وخیرات کی برکات

اس ماہ کی ایک برکت یہ بھی ہے کہ انسان خدا خوفی اور خدا کا قرب حاصل کرنے کے لئے کثرت سے صدقہ وخیرات کرتا ہے اور یہ ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰﷺ کی سنت طیبہ بھی ہے کہ آپ تیز رفتار آندھی کو بھی پیچھے چھوڑ جاتے تھے صدقہ وخیرات میں۔

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رمضان میں آنحضورؐ ہر قیدی کو رہا کردیتے اور ہر سوالی کو عطا فرماتے۔'' (بیہقی)

اور فرماتے تھے کہ یہ ہمدردی وغمخواری کا مہینہ ہے۔'' (بیہقی)

حضرت انسؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضورؐ نے فرمایا:۔

''سب سے افضل اور بہترین صدقہ وہ ہے جو رمضان میں کیا جائے۔'' (ترمذی)

پھر یہ بھی ایک برکت ہے کہ انسان فرشتوں کی دعاؤں کا وارث بنتا ہے۔جیسا کہ آنحضورؐ فرماتے ہیں۔حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے۔

''ہر صبح دو فرشتے نازل ہوتے ہیں ان میں سے ایک کہتا ہے اے اللہ خرچ کرنے والے سخی کو اور دے۔اور اس کے نقش قدم پر چلنے والے اور پیدا کر۔دوسرا کہتا ہے اے اللہ بخیل اور کنجوس کو ہلاک کر اس کا مال ومتاع تباہ وبرباد کر۔''

(بخاری کتاب الزکوٰۃ)

صدقہ کی ایک برکت یہ ہے کہ آنحضورؐ نے فرمایا صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کی آگ کو بجھا اور ٹھنڈا کردیتا ہے۔دوسری برکت یہ ہے کہ صدقہ سے مصیبتیں اور بلائیں ٹل جاتی ہیں اور رد بلا ہوتا ہے۔آئندہ آنے والی مصیبتیں بھی اور جو وارد ہوچکی ہوتی ہیں وہ بھی صدقہ وخیرات سے ٹل جاتی ہیں۔

ذکر الٰہی کی برکات

روزے کی ایک برکت ذکر الٰہی بکثرت کرنے کا موقعہ ملتا ہے۔قرآن کریم نے اس کی ایک عظیم الشان برکت یہ بیان فرمائی ہے۔''الا بذکر اللہ تطمئن القلوب''۔(رعد:20)

کہ آج کے اس مادہ پرستی کے دور میں ہر انسان کو کوئی نہ کوئی غم،فکر اور پریشانی لاحق ہے۔باوجود اس کے کہ بڑی بڑی آسائشیں،آرام اور سہولتیں میسر ہیں مگر دلوں کا سکون،راحت اور اطمینان قلب نصیب نہیں۔

قرآن کریم نے اس کا علاج بتا رکھا ہے کہ یہ دنیا کی نعمتیں، دولتیں، حکومتیں، وزارتیں، چودھراہٹیں، آسائشیں اور عیش وعشرت کے سامان حقیقی دل کا سکون اور اطمینان مہیا نہیں کرسکتے بلکہ صرف اور صرف حقیقی اور ابدی طور پر اطمینان قلب ذکر الٰہی سے حاصل ہوتا ہے۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''انسانیت کے بقاء اور استحکام کے لئے ذکر اللہ غذا ہے اور نہایت ضروری۔روٹی سے انسانیت زندہ نہیں رہتی۔چاولوں اور ترکاریوں سے حیوانیت کا بقاء ہے انسانیت کا بقاء خدا کے ذکر میں ہے۔حضرت عیسیٰؑ کا قول ہے کہ انسان روٹی سے نہیں خدا کے کلام سے زندہ رہتا ہے......اسی کی طرف اس آیت میں اشارہ کیا گیا ہے۔

وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ان کو اطمینان ہوتا ہے۔ان میں زندگی انسانی ہوتی ہے۔اور ان کی انسانیت یا روحانیت کے بقاء کے لئے ذکر اللہ کی روٹی ہوتی ہے۔انسانیت اسی کی زندہ ہے جو اللہ کا ذکر کرتا ہے۔'' (خطبات محمود جلد ہشتم ص82)

ذکر الٰہی پر زور دیں کیونکہ (-) کی اصل ترقی ذکر الٰہی اور عبادت پر زور دینے سے ہوگی۔......حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت پر زور دینا ایسا نور پیدا کردیتا ہے کہ جس سے پہلے انسان کو اپنے نفس پر قابو حاصل ہوتا ہے پھر وہ دنیا کی اور طاقتوں کو مغلوب کرلیتا ہے۔''

(تفسیر کبیر جلد دہم ص128)

ذکر الٰہی کی تیسری برکت بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

''آجکل لوگ مغربی تہذیب کے ماتحت یہ سمجھتے ہیں کہ ذکر الٰہی وغیرہ کرنا اور مصلّے پر بیٹھے رہنا وقت کو ضائع کرنا ہے حالانکہ یہ مصلے پر بیٹھ کر ذکر الٰہی کرنے والے ہی تھے جنہوں نے بارہ سال کے اندر اندر دنیا تہہ وبالا کردی۔مصلے پر بیٹھے رہنے سے وقت ضائع نہیں ہوتا بلکہ انسان کو ایسی برکت ملتی ہے کہ وہ بڑے بڑے کام تھوڑے سے وقت میں کرلیتا ہے اور دل میں اس قسم کا نور پیدا ہوجاتا ہے کہ تھوڑے سے وقت میں انسان بڑے بڑے کام کرلیتا ہے۔'' (ایضاً)

ذکر خدا پہ زور دے ظلمت دل مٹائے جا
گوہر شب چراغ بن دنیا میں جگمگائے جا

نوافل کی برکات

اس ماہ میں انسان نوافل بھی بکثرت ادا کرتا ہے۔اور اس ماہ کی برکت سے نوافل کا ثواب فرضوں کے برابر ہوجاتا ہے۔چنانچہ حضرت سلمان فارسیؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ شعبان کی آخری تاریخ کو رسول کریمﷺ نے ہم سے خطاب کیا اور فرمایا:۔

''تم پر ایک بڑی عظمت و برکت والا مہینہ آرہا ہے۔اس کی رات کی عبادت کو نفل ٹھہرایا گیا ہے جو شخص نفل کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کرے تو اسے اسکے نوافل کا ثواب عام دنوں کے فرض ادا کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔اور جس شخص نے اس مہینے میں ایک فرض ادا کیا اسے عام دنوں کے ستر فرض کے برابر ثواب ملے گا۔'' (بیہقی)

اسی طرح ایک اور روایت ہے کہ آنحضورؐ نے فرمایا جو شخص نوافل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے نوافل کے ذریعہ میں اس کے اس قدر قریب ہوجاتا ہوں کہ اس کے ہاتھ ہوجاتا ہوں جن سے وہ پکڑتا ہے۔اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں جن سے وہ دیکھتا ہے۔اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جن سے وہ چلتا ہے اس کی زبان ہوجاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے۔وغیرہ۔ (بخاری)

حضرت اقدس مسیح موعود اس بارہ میں فرماتے ہیں:۔

''اولیاء اللہ کے دینی فرائض کی تکمیل نوافل سے ہورہتی ہے۔......اللہ تعالیٰ ایسوں کا ولی ہوجاتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس کی دوستی یہاں تک ہوتی ہے کہ میں اس کے ہاتھ پاؤں حتیٰ کہ اس کی زبان ہوجاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے۔''

(ملفوظات جلد اول ص9)

پھر فرماتے ہیں:۔

''صحیح بخاری میں حدیث موجود ہے کہ نوافل سے مومن میرا مقرب ہوجاتا ہے۔......اور نوافل وہ ہیں جو زائد از فرائض ہیں اور وہ اس لئے ہیں کہ تا فرائض میں اگر کوئی کمی رہ گئی ہو تو نوافل سے پوری ہوجاوے۔''

لوگوں نے نوافل صرف نماز ہی کے نوافل سمجھے ہوئے ہیں۔نہیں یہ بات نہیں ہے ہر فعل کے ساتھ نوافل ہوتے ہیں۔انسان زکوٰۃ دیتا ہے تو کبھی زکوٰۃ کے سوا بھی دے۔رمضان میں روزے رکھتا ہے کبھی اس کے سوا بھی رکھے۔قرض لے تو کچھ ساتھ زائد دے۔

نوافل متمم فرائض ہوتے ہیں۔نفل کے وقت دل میں ایک خشوع اور خوف ہوتا ہے کہ فرائض میں جو قصور ہوا ہے وہ اب پورا ہوجائے۔یہی وہ راز ہے جو نوافل کو قرب الٰہی کے ساتھ بہت بڑا تعلق ہے۔گویا خشوع اور تذلل اور انقطاع کی حالت اس میں پیدا ہوتی ہے۔پس یاد رکھو کہ خدا سے محبت تام نفل ہی کے ذریعہ ہوتی ہے۔'' (ملفوظات جلد اول ص437)

تہجد

سحری کے وقت اٹھنا اور حسب توفیق نوافل پڑھنا بڑے ہی ثواب اور برکت کا موجب ہے اس مہینے وہ لوگ بھی تہجد پڑھ لیتے ہیں جو سارا سال نہیں پڑھ سکتے ایک تو تراویح میں جو کہ دراصل تہجد کی نماز ہی ہے۔دوسرے جب صبح روزہ رکھنے کے لئے اٹھتے ہیں تو کچھ نہ کچھ نفل پڑھنے کی توفیق مل جاتی ہے۔

تہجد کی خاص طور پر قرآن کریم نے بڑی فضیلت اور برکت یہ بیان فرمائی ہے کہ انسان کو مقام محمود تک پہنچادیتی ہے جیسے فرمایا عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا۔

تہجد کی دوسری برکت یہ ہے کہ اس وقت قبولیت دعا کا وقت ہوتا ہے اور آنحضورﷺ کے فرمان کے مطابق خدا تعالیٰ ساتویں آسمان سے نچلے آسمان پر آجاتا ہے اور صدا لگاتا ہے کون ہے جو میری رحمت کا امیدوار ہے کہ میں اس پر اپنی رحمت نازل کروں کون ہے جو مجھ سے مغفرت طلب کرتا ہے کہ میں اسے اپنی مغفرت کی چادر میں ڈھانپ لوں۔کون ہے جو مجھ سے دعا کرے کہ میں اس کی دعاؤں کو قبول کروں، یہاں تک کہ صبح ہوجاتی ہے۔

لیلۃ القدر کی برکتیں

پھر اللہ تعالیٰ نے رمضان کی ایک عظیم الشان برکت یہ رکھی ہے کہ اس میں ایک ایسی رات انسان کو عطا کی جاتی ہے کہ جو ہزار ماہ کی عبادت سے بہتر ہے۔وہ رات جس کو عطا ہوجائے اس کا دین بھی سنور جائے اور دنیا وعاقبت بھی۔

اس کی فضیلت اور برکت بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

کہ یہ عظیم رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

دوسری برکت اور فضیلت یہ بیان فرمائی کہ اس رات بکثرت فرشتوں کا نزول ہوتا ہے نہ صرف عام فرشتوں کا بلکہ فرشتوں کا سردار روح القدس بھی اس رات کی برکت سے زمین پر نزول فرماتا ہے۔

تیسری برکت یہ بتائی گئی کہ صرف فرشتے اور روح القدس ہی نازل نہیں ہوتے بلکہ بکل امر سلام کے ساتھ نزول فرماتے ہیں کہ اپنے ساتھ سلامتیوں ہی سلامتیوں کے پیغام لاتے ہیں۔جن کے ساتھ کوئی تکلیف دہ پہلو نہیں ہوتا۔آنحضورﷺ نے اس رات کی ایک برکت یہ بیان فرمائی ہے۔حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضورﷺ نے فرمایا:۔

''جو رمضان المبارک میں لیلۃ القدر کی رات ایمان کی حالت میں اور ثواب کی نیت سے نفس کے محاسبہ کی خاطر عبادت کرے تو اس کے تمام پچھلے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔''

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب ترغیب فی قیام رمضان)

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''ایک لیلۃ القدر تو وہ ہے جو پچھلے حصہ رات میں ہوتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ تجلی فرماتا ہے۔اور ہاتھ پھیلاتا ہے کہ کوئی دعا کرنے والا اور استغفار کرنے والا ہے جو میں اس کو قبول کروں۔''

(الحکم 31 جولائی 1906ء ص4)

نیز فرماتے ہیں:۔

باقی صفحہ 4 پر

جامع خصائل انبیاء

یہ نظم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے ایک خاص واقعہ کی ترجمان ہے۔ جنگ حنین میں کافروں نے جب اردگرد کی پہاڑیوں سے مسلمانوں پر تیروں کی بوچھاڑ کردی تو مسلمانوں کی سواریاں بھاگ اٹھیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بجز چند صحابہؓ کے تنہا میدان میں رہ گئے۔ مگر اس حالت میں بھی رسول اللہؐ آگے بڑھ رہے تھے۔ حضرت عباسؓ نے آپؐ کو روکنا چاہا۔ تو آپؐ نے فرمایا مجھے مت روکو۔

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ

اس نظم میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے:۔

یا حبیب اللہ۔ اللہ کے محبّ　　جانتا تھا مسمریزم تو نہ طِب
صدیوں کے بیمار اچھے کر دیئے　　تو ہے عیسیٰ یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

تھی سلیماں کی حکومت رِیح پر　　آپؐ بھی ان سے نہیں ہیں کم مگر
مَـا رَمَیْتَ پر ذرا کیجئے نظر　　تو سلیماں یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

حق نے بخشا تجھ کو وہ فصل الخطاب　　جس سے عاجز آ گئے اہلِ کتاب
تھی تری تقریر ہر اک لاجواب　　تو ہوا داوٗد یا ابن المطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

موسوی اعجاز اِنْشَقَّ الحجر　　آپ کا اعجاز وَ انْشَـقَّ القمر
دونوں میں ہے قدرت حق جلوہ گر　　تو ہے موسیٰ یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

معرفت کا تُو ہے وہ بحرِ عظیم　　محوِ حیرت ہے جہاں چشم کلیم
کشتیٔ مسکین و دیوارِ یتیم　　تو خضر ہے یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

یوسفِ مظلوم جُب میں مضطرب　　اور غارِ ثور میں تو محتجب
ظالموں پر قحط آیا فارتقب　　تو ہے یوسف یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

کعبۃ اللہ میں جو رکھے تھے صنم　　جن کے آگے گردنیں تھیں سب کی خم
کر دیئے ان سب کے تو نے سر قلم　　تو ہے ابراہیم یا ابن المطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

جب ضلالت کا بپا طوفان تھا　　غرق بحرِ معصیت انسان تھا
اس گھڑی میں تو ہی کشتی بان تھا　　نوح ہے تو یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

تو ہے سرِ ابتدائے زندگی　　تیری ہستی منتہائے زندگی
تجھ سے وابستہ بقائے زندگی　　تو ہے آدم یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

الغرض جتنے ہوئے پیغامبر　　تھے وہ جن جن خوبیوں سے بہرہ وَر
تُو ہے جامع سب کا قصہ مختصر　　یا محمد یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

اہل تثلیث و یہود و بت پرست　　تو اکیلے نے ہی دی سب کو شکست
چھا گئے روئے زمیں پر تیرے مست　　یا جری اللہ یا ابن المطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

جب جگا کر تجھ سے دشمن نے کہا　　کون اب تجھ کو بچائے گا بتا
مسکرا کر آپؐ نے فرما دیا　　''میرا مولیٰ'' یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

یا مطیع الامر ''واسجد واقترب''　　ان قلبی نحو حسنک قد جُذِبْ
والجنان فی فراقک مضطرب　　یا محمد یا ابن عبدالمطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

روزِ محشر جب نبی جائیں گے ڈر　　خلق کی ہو گی فقط تجھ پر نظر
تب پکارے گا تجھے آثم ظفؔر　　یا شفیع الخلقِ یا ابن المطلب
لَا کَذِبْ اَنْتَ النَّبِیُّ لَا کَذِبْ

ظفر محمد ظفرؔ

بقیہ صفحہ 4

''لیلۃ القدر انسان کے لئے اس کا وقت اصفیٰ ہے جتنا جتنا انسان خدا کے قریب آتا ہے یہ وقت اسے زیادہ میسر آتا ہے۔''

(الحکم 31/اگست 1901ء ص14)

اسی طرح فرمایا:۔

لیلۃ القدر کے نور کو دیکھنے والا اور وقت کے مصلح کی صحبت سے شرف حاصل کرنے والا اس 80 برس کے بڈھے سے اچھا ہے جس نے اس نورانی وقت کو نہیں پایا۔ اور اگر ایک ساعت بھی اس وقت کو پالیا ہے تو یہ ایک ساعت اس ہزار مہینے سے بہتر ہے جو پہلے گزر چکے۔''

(فتح اسلام روحانی خزائن جلد سوم ص32)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''جو لوگ لیلۃ القدر پانے کے خواہاں ہیں اور لیلۃ القدر کی تلاش میں رمضان کی آخری راتوں میں سعی کرنے والے ہیں۔ ان لوگوں سے میں یہ کہتا ہوں کہ جس رات آپ نے اپنے گناہوں سے ہمیشہ کے لئے کلیۃً سچی توبہ کرلی اور ایسی توبہ کہ پھر آپ لوٹ کر ان گناہوں میں واپس نہیں جائیں گے تو یقین جانیں کہ وہی آپ کے لئے لیلۃ القدر جو گویا ہزار مہینوں سے بہتر رات تھی وہ آپ کو مل گئی۔ اس کے بعد آپ کے لئے کوئی خوف نہیں۔ پھر تو اولیاء اللہ میں آپ کے داخل ہونے کے دن آنے والے ہیں۔ اس لئے ایسی رات کی تلاش کریں جو گناہوں سے توبہ کی رات بن جائے...... پھر آپ کی جتنی بھی راتیں آئیں گی وہ آپ کے لئے بمنزلہ لیلۃ القدر رہوں گی۔ اور خدا کی رحمتیں اور برکتیں ہمیشہ آپ پر نازل ہوتی رہیں گی۔''

(الفضل 4 نومبر 2003ء ص6)

الغرض یہ وہ تمام عبادتوں کی معراج کا مہینہ ہے جو اپنے اندر بے شمار خوبیاں، فضیلتیں، برکتیں اور رحمتیں سمیٹے ہوئے ہے۔ اللہ کرے کہ ہم میں سے ہر ایک خواہ مرد ہو یا عورت بچہ ہو یا جوان، بوڑھا ہو یا کمزور اپنی اپنی استعداد اور توفیق کے مطابق اپنے اپنے دامن بھر لے۔ اور خدا کی رضا کی جنتوں کا وارث بن جائے۔ آمین یارب العالمین۔

ابن الصفار (۱۰۳۵ء)

آپ پیدائشی طور پر قرطبہ کے مکین تھے مگر عمر عزیز کا آخری حصہ دینیہ Denia کے شہر میں گزرا۔ آپ ایک مشہور ریاضیدان اور اسٹرانومر تھے۔ آپ نے اصطرلاب پر ایک مقالہ لکھا نیز ایک زج بھی تیار کی۔ اصطرلاب پر مقالہ کتاب العمل بالاصطرلاب کا ترجمہ Plato of Tavoli نے لاطینی میں کیا پھر اس کا ترجمہ عبرانی میں بھی کیا گیا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

مسل نمبر **38110** میں مرزا طاہر سلیم الدین ولد لطیف احمد پیر کوٹی مرحوم قوم مغل چوغتہ پیشہ ملازمت عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد شرقی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکرہ آج بتاریخ 26-2-2004 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ ترکہ والد مکان برقبہ 10 مرلہ واقع ناصر آباد شرقی ربوہ۔ 2۔ پلاٹ برقبہ 10 مرلہ واقع نصرت آباد ربوہ جس کے ورثاء والدہ محترمہ 2 بھائی اور 2 بہنیں ہیں۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد مرزا طاہر سلیم الدین گواہ شد نمبر 1 اعجاز احمد سلہری ولد محمد اسلم سلہری ہاؤس ٹی وی کالونی پشاور گواہ شد نمبر 2 مرزا محمد فاروق ولد غلام احمد سارہ ٹاور پشاور

مسل نمبر **38111** میں شکیل اختر شاہد ولد محمد رمضان قوم آرائیں پیشہ معلم وقف جدید عمر 23 سال تقریباً بیعت پیدائشی احمدی ساکن تخت ہزارہ ضلع سرگودھا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکرہ آج بتاریخ 6-5-2004 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3734 روپے ماہوار بصورت معلم وقف جدید مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد شکیل اختر شاہد گواہ شد نمبر 1 عمران احمد تبسم ولد نبی احمد کوٹ لادو ضلع نارووال گواہ شد نمبر 2 عرفان احمد ظفر وصیت نمبر 32940

مسل نمبر **38112** میں بشریٰ شکیل زوجہ شکیل اختر قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن تخت ہزارہ ضلع سرگودھا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکرہ آج بتاریخ 6-5-2004 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بصورت زیور وصول شدہ -/24969 روپے بقایا بذمہ خاوند -/5031 روپے۔ کل حق مہر -/30000 روپے۔ بقیہ طلائی زیورات ایک عدد چین + لاکٹ + انگوٹھی مالیتی -/4935 روپے + -/2625 روپے -/2900 + روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ بشریٰ شکیل گواہ شد نمبر 1 وکیل احمد تبسم ولد محمد رمضان تخت ہزارہ ضلع سرگودھا گواہ شد نمبر 2 ساجد جاوید ولد سراجدین تخت ہزارہ ضلع سرگودھا

